کتاب کا یہ تیسرا ایڈیشن ہے اور دن بدن اس کی افادیت واثر کی وجہ سے مانگ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ خاص طور پر اس میں ایک مضمون ایسا بھی ہے جس کو صدیوں تک کیلئے لپیٹ دیا گیا ہے۔ ایسے محکم دلائل و براہین کے ساتھ کہ اب لوگ علامہ اقبالؒ کے وہ اشعار پڑھتے ہوئے خود ہی اپنے دل میں شرمندگی محسوس کریں گے۔ اکابر علماءِ دیوبند کی علمی عظمت، امام ابوحنیفہؒ کی فقہی ثقاہت، مولانا حسین احمد مدنیؒ کی بے داغ سیاست، کشکولِ معرفت کی فصاحت و بلاغت سے مدلول ہے۔ کتاب بے داغ ہے، البتہ اگلے ایڈیشن کی جانب پابہ رکاب ہونے سے پہلے صفحہ ۳۶۹ کا ''پابہ رکات'' درست کر دیا جائے۔

نام کتاب: درسِ علم وعرفان مصنف: مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت: 75 صفحات

قیمت: 56 روپے ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ سرحد پاکستان

انتہائی مختصر اور جامع کتاب اس وقت ہمارے ہاتھ میں ہے جو معروف محقق اور نامور مصنف مولانا عبدالقیوم حقانی کے افاداتِ پُر اثر پر مشتمل ہے۔ یہ درسِ علم وعرفان ہے۔ اس میں اصلاحی، علمی اور روحانی جواہر پارے ہیں۔ مصنف کی یہ خوبی ہے کہ کتاب مختصر ہو، مگر استفادہ کرنے والوں کا ہجومِ بیکراں اس کی تحریر کی چاشنی، سلاست و روانی اور ذوقِ وجدانی سے لطف اندوز ہو۔ کتاب میں ایسی جاذبیت اور کشش ہے کہ ایک بار پڑھنے کے بعد بار بار پڑھنے کو دل چاہتا ہے۔ دولتِ یقین کو حاصل کرنے کے اور ازدیادِ قوتِ ایمان کے لئے اس کتاب کا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے۔

پچھتر (۷۵) صفحات، مضبوط جلد بندی اور قیمت صرف 56 روپے۔ 56 کا عدد بھی خوب ہے۔ کتاب گو کہ مختصر ہے مگر زیادہ وقت لے کر غور وفکر سے پڑھا جائے۔ پڑھنے والا یقین وایمان کے ازدیاد سے بہرہ ور ہوگا۔ اس میں دینِ حق کا پیغام بھی ہے اور حضوری قلب کے ساتھ حاضری بھی۔ مؤمنین کے ساتھ خاص تعلق پیدا ہوگا۔ غیر اللہ کی عبدیت سے آزادی بھی نصیب ہوگی۔ اس طرح کے ۴۷ عنوانات سے کتاب کو مزین کیا گیا ہے۔ جس میں بجائے خود ہر ایک عنوان کتاب کی جان ہے۔ کتاب کا مقصد قاری کی نظر کا ارتکاز ربّ الوسائل پر مستحکم کرنا معلوم ہوتا ہے جو عین مقصود ہے۔ کتاب ٹھیک ہے البتہ صفحہ نمبر ۳۵ پر ''اساب قطعیہ'' کو ''اسبابِ قطعیہ'' کر دیا جائے۔

نام کتاب: علامہ شبیر احمد عثمانیؒ نمبر تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت: 439 صفحات

ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ سرحد پاکستان

زیر تبصرہ نمبر بھی حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کی کوششوں کا حسین گلدستہ ہے۔ مولانا کے زیر سرپرستی شائع ہونے والا مجلّہ ''القاسم'' اور ان کا ادارہ جامعہ ابوہریرہؓ روز بروز ترقی کے اعلیٰ منازل طے کر رہے ہیں